اب اس گاؤں کا رابطہ شہروں سے ہو گیا ہے اور یہاں بچوں اور بچیوں کے لیے کئی تعلیمی ادارے بھی قائم ہو گئے ہیں۔ انھی میں سے ایک ادارے کا یہ پہلا میگزین ہے جس میں گاؤں اور علاقے کی پوری تاریخ بیان کی گئی ہے۔ کچھ علمی اور معلوماتی مضامین بھی ہیں اور منظومات بھی۔ بہت سی تصاویر اور اساتذہ و طلبا کی سرگرمیاں وغیرہ۔

اُردو اور انگریزی دونوں حصے بڑی خوب صورتی سے مرتب اور شائع کیے گئے ہیں۔ یہ ادارہ اور اس کے پس منظر میں کی جانے والی کاوش میں پس ماندہ علاقوں کے لوگوں کے لیے ایک مثال ہے' سبق آموز اور عبرت انگیز۔ نیت نیک ہو اور حوصلہ بلند ہو تو ہر مشکل اور ہر عقدہ حل ہو سکتا ہے۔ (ر-ہ)

اسلام اور عصرِ حاضر کے مسائل و حل' پروفیسر عبدالماجد۔ ناشر: ہزارہ انجمن براے سائنس مذہب مکالمہ (HSSRD) 'مانسہرہ۔ ملنے کا پتا: علم و عرفان پبلشرز' ۳۴- اُردو بازار' لاہور۔ صفحات: ۲۷۰۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔

مصنف' حیوانیات کے استاد اور ایک مجلے اسلام اور سائنس کے مدیر ہیں۔ انھوں نے اپنے وہ تمام مضامین جمع کر دیے ہیں جو مضمون نویسی کے مختلف مقابلوں کے لیے لکھے گئے تھے۔ عدمِ برداشت کا قومی و بین الاقوامی رُجحان' عصرِ حاضر کے مسائل اور اُن کا حل' نیز فلاحی مملکت کے قیام کے لیے عملی تجاویز' اچھے مضامین ہیں۔ اس کے علاوہ سیرت' اسلامی ثقافت اور مثالی نظامِ تعلیم کے موضوع پر بھی تحریریں شامل ہیں۔ ''وقت: انسان کی سب سے قیمتی متاع'' ایک اہم مضمون ہے۔

جناب قاری محمد طیب' وحیدالدین خان' باوا محی الدین کے مضامین اور مدیر افکارِ معلم کے نام مصنف کا ایک خط بھی شامل ہے۔ اس طرح مضامین میں تنوع تو پیدا ہو گیا ہے لیکن ہمارے خیال میں ''مسائل کا حل'' مزید محنت کا متلاشی ہے اور اس موضوع پر اُمت کے اہل دانش و بینش ہی کو نہیں بلکہ اداروں اور انجمنوں کو مل جل کر کام کرنا چاہیے۔

افراد اُمت کو دین سے ناواقفیت' جہالت' پس ماندگی' سیاسی و فوجی زیردستی' غیر یقینی

مستقبل اور ذلّت و نکبت کے تاریک دور کا سامنا ہے۔ ضروری ہے کہ اصحابِ علم و دانش ان مسائل پر قارئین کی رہنمائی کریں تاکہ تاریک رات، روشن صبح میں تبدیل ہو سکے۔

حالاتِ حاضرہ، اور اسلام کو درپیش چیلنج جیسے موضوعات سے دل چسپی رکھنے والے حضرات کے لیے یہ ایک معلوماتی کتاب ہے۔ (محمد ایوب منیر)

تعارف کتب

☆ مولانا سعید احمد خان، محمد عیسیٰ منصوری۔ ناشر: ورلڈ اسلامک فورم، لندن۔ ملنے کا پتا: ندوۃ المعارف، ۱۳-کبیر سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۳۲۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [مولانا محمد الیاسؒ کے خاص تربیت یافتہ اور یکے از اکابر تبلیغی جماعت مولانا سعید احمد خان (۱۹۰۳ء-۱۹۹۸ء) کی ''شخصیت، احوال اور دینی خدمات'' کا مختصر مگر جامع، دل چسپ اور سبق آموز تذکرہ۔]

☆ اپنے حبیب سے ملیے، مولانا محمد عارف۔ ناشر: شعبہ جہاد کشمیر، تنظیم اساتذہ پاکستان۔ صفحات: ۱۶۰۔ قیمت: ۱۵ روپے۔ [احادیث کی روشنی میں رسولِ اکرمؐ کی شخصیت کا تذکرہ اور حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں کا بیان--- ابتدائی ۵۰ صفحات کی تمہیدات ۳، ۴ صفحات تک محدود و مختصر رہتیں تو کہیں بہتر تھا۔]

☆ اکابر کی شامِ زندگی، مرتب عماد الدین محمود۔ ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابوہریرہ، نوشہرہ، صوبہ سرحد۔ صفحات: ۶۳۔ قیمت: ۲۴ روپے۔ [بعض علماے دیوبند کے آخری ایام و لحات کی کیفیات کا بیان کہ دنیا سے رخصت ہوتے وقت اُن کی حالت، گفتگو یا کیفیت یا کلمات کیا تھے؟ بقول مصنف: ''شاید ان واقعات کو پڑھ کر ہمارے اندر اعمالِ صالحہ کی انگیخت پیدا ہو جو خاتمہ بالخیر کا باعث بنے''۔]

☆ پارہ الم (۱)، مرتب: قاری جاوید انور صدیقی۔ ناشر: آسان قرآن و فہم دین تحریک، ۵۲۸ اے بلاک، بٹ چوک، تاج پورہ اسکیم، مغل پورہ، لاہور۔ صفحات: ۵۲۔ قیمت: درج نہیں۔ [پہلا پارہ، متن مع ترجمہ ''ایک ہی وقت میں لفظی و با محاورہ آسان ترجمہ''۔ ایک اچھی کوشش۔]

☆ ترجمان الائمہ، مدیر اعلیٰ: مصباح الرحمٰن یوسفی۔ ناشر: دعوۃ اکیڈمی، فیصل مسجد، پوسٹ بکس ۱۴۸۵، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [دعوۃ اکیڈمی ائمہ مساجد کے سہ ماہی تربیتی کورس منعقد کرتی ہے۔ یہ نیا سہ ماہی رسالہ (یا خبرنامہ) تربیت ائمہ کورس نمبر ۵۲ کے شرکا کے نام، تھوں، تاثرات، دورۂ لاہور کی روداد اور کچھ منتخب اقتباسات وغیرہ پر مشتمل ہے۔]